ان اللہ یدخل الذین امنوا وعملوا الصلحت جنت تجری من تحتہا الانہر
والذین کفروا یتمتعون و یاکلون کما تاکل الانعام و النار مثوی لہم
اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور عمل صالح (ترک حیات دنیا) کے جنتوں میں کہ بہتی ہیں ان کے
نیچے نہریں اور جو کافر ہیں وہ رہتے بستے اور کھاتے ہیں (جان سے جیتے ہیں) جس طرح چوپائے کھاتے ہیں و آگ انکا ٹھکانا ہے

اَلحَمدُ لِلّٰہِ وَالمِنَّۃ

شفاء المومنین

مولفہ

حضرت بندگی میاں سید قاسم مجتہد گروہ مصدقانِ امام مہدی موعود خلیفۃ اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام

منجانب

دار الاشاعت تفسیر القرآن و کتب سلف صالحین جمعیۃ مہدویہ
واقع دائرہ زمستان پور مشیرآباد حیدرآباد

بارِ دوم — ۱۳۸۸ھ

مطبوعہ
اعجاز پرنٹنگ پریس چھتہ بازار حیدرآباد

شفاء المؤمنین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی بعث فی الامیین رسولا
منهم یتلوا علیهم آیاته و یزکیهم و یعلمهم
الکتاب و الحکمة و ان کانوا من قبل لفی ضلال
مبین ہ و آخرین منهم لما یلحقوا بهم و
هو العزیز الحکیم ہ جزء ۲۸ رکوع ۱۱
و اعطی هذا الشرف و الفضل لخاتم النبوة و
خاتم الولایة للامة المرحومة المسلمین
و الاتقیاء المتقین و الاصفیاء الواصلین
بواسطة خاتم النبیین و الولیین
و الصلوٰة و السلام علی محمدین الطالبین
المبتدئین و الواصلین المطلقین ای دائمی الوصل
الواصلین و علی آلهما الصالحین و اصحابهما
الکاملین اما بعد باعث این اوراق آنست که درمیان
بعضے مصدقان و موافقان و ساتیان خلاف روش مهدی ؑ
دیده می شود و پیشوایان که برائے امداد دین او بودند در دعوت
ایشان و گفتار بعضی کسان این زمان اکثر تعارض یافته می شود
بواسطه آں دو کلمه برائے حجت از نقل حضرت امام علیه السلام
در باب اصول دین آورده اسم هذه الرسالة شفاء المؤمنین
نهاده شد چنانچه از حدیث رسول علیه السلام مفهوم میشود قال
علیه السلام بنی الاسلام علی خمسة بجز اختیار کردن این

ہر تعریف اللہ ہی کو زیبا ہے جس نے بھیجا ان پڑھ لوگوں میں
ایک رسول ان ہی میں سے وہ ان پر پڑھتا ہے اسکی آیتیں اور ان کو
پاک و صاف بناتا اور انکو سکھاتا ہے کتاب اور عقلمندی اور اس سے پہلے تو یہ
لوگ صریح گمراہی میں پڑے ہوئے تھے اور بھیجا آخر میں رسول کو انھیں میں
سے جو نہیں ملے ابھی ان سے اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔ اور
جس نے خاتم نبوت اور خاتم ولایت کو یہ شرف اور فضیلت مسلمان
امت مرحومہ اتقیاء متقین اور اصفیاء واصلین (کے فائدہ) کے لئے
جو بذریعہ خاتم الانبیاء اور خاتم الاولیاء کے حاصل ہوتا ہے عطا فرمائی
اور درود و سلام نازل ہو ہر دو محمد پر جو دونوں طالب جو دونوں کر
درجہ ترقی میں مبتدی ہیں (آپکی سیر کی انتہا نہیں ہے) اور جو ذات باری
میں واصل مطلق ہیں یعنے ہر دو ذات مقدسہ کو دوامی وصال حاصل ہے
اور آپ کے آل صالحین اور اصحاب کاملین پر حمد و صلوٰۃ کے بعد واضح
ہو کہ ان اوراق کے لکھنے کا سبب یہ ہے کہ بعض مصدقوں
موافقوں اور ساتیوں کے درمیان حضرت مہدی کی روش کے خلاف
باتیں دیکھی جا رہی ہیں اور پیشوا کہ مہدی ؑ کے دین کی امداد کیلئے مبعوث
ہوئے تھے انکی دعوت اور اس زمانے کے بعض اشخاص کی گفتار میں
اکثر خلاف پایا جا رہا ہے بدیں وجہ حضرت امام علیہ السلام کی نقل
مبارک سے دو کلمے اصول دین مہدی ؑ کے بارے میں حجت کیلئے
لائے گئے اور اس رسالہ کا نام شفاء المومنین رکھا گیا چنانچہ رسول
علیہ السلام کی حدیث شریف سے معلوم ہوتا ہے فرمایا آنحضرت نے

پنج فرائض داخل اسلام نگردد کقوله تعالی یا ایها الذین
امنوا ادخلوا فی السلم کافة ولا تتبعوا خطوات
الشیطن انه لکم عدو مبین وقوله تعالی ام
حسبتم ان تدخلوا الجنة ولما یاتکم مثل (جزء ۲ رکوع ۹)
الذین خلوا من قبلکم مستهم الباساء والضراء
وزلزلوا حتی یقول الرسول والذین امنوا معه
متی نصر الله الا ان نصر الله قریب (جزء ۲ رکوع ۱۰) کما قال
علیه السلام اتحسبون الجنة کمرابض
الغنم فوالله لا تدخلوها ابدا حتی تکونوا
کالبردة التی تنزل من السماء ولم تبلغ
الارض پس هرکه طالب اسلام باشد او را باید که نظر به
فرمودهٔ خدا و رسول او کند و خود را در اتباع رسول علیه السلام
راسخ دارد و در طلب اسلام صادق باشد مبتدی را بر ایں
حدیث عمل باید کرد کقوله علیه السلام بنی الاسلام
علی خمسة یعنی کلمه و نماز و روزه و حج و زکوٰة هر کہ ایں
عمل از روی صدق و اقرار بجا آرد چنانچه فرموده انه اقرار
باللسان وتصدیق بالقلب وعمل بالارکان و هر مسلمے کہ از
دعوت اسلام در تسلیمی دل و زبان و عمل یکی شود لا بد یا وی
فلاح و نجات از حکم قرآن و از حدیث ثابت بود و اگر بے عمل
بی معنی ظاهر کند امید رہائی را هم اعتباری نیست و از دیندار
هیچ کس حکم نکند که او را فلاح شود کما قال علیه السلام
ان الله لا ینظر الی صورکم ولا الی اعمالکم ولکن ینظر
الی قلوبکم ونیاتکم زیرا چه در قرآن بسیار جائے موافق
حدیث نبوی خدائے تعالی فرموده است کقوله تعالی
اقیموا الصلوٰة ولا تکونوا من المشرکین و دیگر فان

اسلام پانچ چیزوں پر ہے ان پانچ فرضوں کو اختیار کرنے کے بغیر اسلام میں
داخل نہیں ہو سکتا چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے کہ اے ایمان والو داخل
ہو جاؤ اسلام میں پورے پورے اور نہ چلو شیطان کے قدموں پر بیشک
وہ تمہارا ظاہر دشمن ہے اور اللہ تعالی فرماتا ہے کہ کیا تم خیال کرتے ہو کہ
چلے جاؤ گے جنت میں حالانکہ تم کو پیش نہیں آئی ان جیسی حالت جو تم سے
پہلے گذرے اور پہنچیں ان کو سختیاں اور تکلیفیں اور جھڑ جھڑائے گئے
یہاں تک کہ کہنے لگا پیغمبر اور ایمان والے جو اس کے ساتھ تھے کہ کب
آئیگی مدد اللہ کی ہاں سنو اللہ کی مدد قریب ہے جیسا کہ آنحضرت نے فرمایا
کہ کیا تم جنت کو بکریوں کی ٹوڑی سمجھے ہو اللہ کی قسم تم جنت میں داخل نہ
ہو گے جبتک کہ ہو جاؤ تم مانند اولے کے جو آسمان سے گرتا ہے اور وہ زمین تک
پہنچ نہیں سکتا پس اسلام کے طالب کو چاہیے کہ خدا اور رسول کے فرمان
پر نظر کرے اور خود کو رسول کی پیروی پر مضبوط رکھے اور اسلام کی
طلب میں صادق رہے مبتدی کو چاہیے کہ اس حدیث پر عمل کرے
چنانچہ آنحضرت نے فرمایا کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے یعنی کلمہ نماز
روزہ حج اور زکوٰۃ جو شخص کہ از روئے صدق و اقرار یہ عمل بجالائے
چنانچہ فرماتے ہیں زبان سے اقرار کرنا دل سے سچ جاننا اور ارکان
کے موافق عمل کرنا اور جو مسلمان کہ بانی اسلام کی دعوت سے دل
زبان اور عمل کی تسلیمی میں ایک ہو جائے تو بیشک قرآن و حدیث
کے حکم سے اسکے لئے فلاح و نجات ثابت ہے اور اگر بغیر عمل کے دعوٰی
ظاہر کرے تو رہائی کی امید کا بھی اعتبار نہیں اور نہ کوئی دیندار
اس کی نجات کا قائل ہے جیسا کہ فرمایا علیہ السلام نے کہ بیشک اللہ
نہیں دیکھتا تمہاری صورتوں کو اور نہ تمہارے عملوں کو لیکن دیکھتا
ہے تمہارے دلوں کو اور تمہاری نیتوں کو اس لئے کہ خدا تعالی
نے حدیث نبوی کے موافق قرآن میں بہت جگہ فرمایا ہے چنانچہ ارشاد
فرماتا ہے کہ قائم رکھو نماز اور مت ہو مشرکین میں سے اور دوسری جگہ

تابوا واقاموا الصلوٰة واٰتوا الزکوٰة فخلوا
سبیلھم ان اللہ غفور رحیم و دیگر در باب حج
(جزء ۱۰ رکوع ۷)
واذن فی الناس بالحج و دیگر الحج اشھر
معلومات فمن فرض فیھن الحج فلا رفث
ولا فسوق ولا جدال فی الحج وما
تفعلوا من خیر یعلمہ اللہ وتزودوا فان
خیر الزاد التقوی واتقون یا اولی الالباب
(جزء ۲ رکوع ۹) و دیگر در باب زکوٰة وویل للمشرکین
الذین لا یوتون الزکوٰة وھم بالاٰخرة
ھم کافرون (جزء ۲۴ رکوع ۱۵) فاعلم ایھا
المنصف - حضرت میران علیہ السلام حجت مہدیت
خود را از خدا و از کلام خدا و از رسول او ثابت کردہ
است چون کہ او بعینہ خدا بود پس بر ہر یکے مرد و زن
تصدیق او فرض عین شدہ است چنانچہ دریں
باب منکران مہدی علیہ السلام را حجت مہدیت از
مصدقان او بظہور پیوستہ اظہر من الشمس است اینجا
ذکر کردن حاجت نیست پس اگر کسی طالب حق باشد
اورا واضح و روشن باد کہ ایں پنج صفت بزبان حضرت
میران علیہ السلام روشن شدہ اند و قرار اجماع امت
ہم بریں بودہ است کہ بغیر ترک دنیا و ترک علائق و
گوشہ نشینی و صحبت صادقان و ذکر کثیر امید داری فلاح
و حکم ایمان نمی شود پس معلوم شد کہ ایں ہمہ ارکان کہ
در اصول دین اند طالب خدا را فرض عین است
کہ یکند ہر کہ مومن باشد اورا باید کرد تا در زمرۂ مصدقان
مہدی علیہ السلام داخل گردد چنانچہ نقل مہدی علیہ السلام
است کہ قبولیت بندہ عمل است بغیر عمل قبولیت بندہ

فرماتا ہے کہ پھر اگر وہ لوگ توبہ کریں اور قائم رکھیں نماز اور دیا کریں
زکوٰة تو چھوڑ دو ان کا رستہ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور پھر حج
کے باب میں فرماتا ہے کہ اور لوگوں میں پکار دے حج کے لئے اور پھر فرماتا ہے
کہ حج کے چند مہینے معلوم ہیں پس جس نے لازم کر لیا ان میں حج تو نہ عورت
کے پاس جانا ہے اور نہ کوئی گناہ کا کام اور نہ جھگڑا ایام حج میں اور جو
کچھ تم کرو گے نیکی اس کو اللہ جان لے گا اور زاد راہ لیا کرو بے شک بہتر
زاد راہ پرہیزگاری ہے اور مجھ سے ڈرتے رہو اے عقلمندو اور پھر زکوٰة
کے باب میں فرماتا ہے کہ اور افسوس شرک کرنے والوں پر جو نہیں دیتے
زکوٰة اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔ پس جان اے منصف کہ حضرت مہدی ع
نے اپنی مہدیت کی حجت خدا، کلام خدا اور رسول خدا سے ثابت کی ہے
چونکہ خود مہدی ع کی ذات خدا کی حجت تھی پس ہر ایک مرد اور عورت
پر آپ کی تصدیق فرض عین ہوئی۔ چنانچہ اس کے متعلق مصدقوں کی
طرف سے مہدیت کی حجت منکران مہدی ع پر ظاہر ہو چکی ہے جو اظہر
من الشمس ہے۔ یہاں اس کے ذکر کی ضرورت نہیں پس اگر کوئی
حق کا طالب ہو تو اس پر واضح اور روشن ہو کہ یہ پانچ صفتیں حضرت
مہدی ع کی زبان مبارک سے ظاہر ہوئی ہیں اور اجماع امت کا قرار
بھی انہی پر ہوا ہے کہ ترک دنیا، ترک علائق، گوشہ نشینی، صحبت صادقان
اور ذکر کثیر کے بغیر فلاح کی امید اور ایمان کا حکم نہیں ہوتا پس
معلوم ہوا کہ یہ سب ارکان بالا جو اصول دین ہیں طالب خدا کے لئے
فرض عین ہیں کہ ان پر عمل کرے اور جو شخص کہ مومن ہو اس
اس کو چاہئے کہ ان پر عمل کرے تاکہ مہدی علیہ السلام کی تصدیق کرنے
والوں کی جماعت میں داخل ہو چنانچہ حضرت مہدی ع کی نقل ہے کہ
بندہ کو قبول کرنا عمل کرنا ہے بے عمل بندہ کی قبولیت مردود ہے پس جان
اے منصف آنحضرت ص نے فرمایا ہے کہ مومنوں کو اللہ تعالیٰ کے دیدار کے بغیر راحت نہیں
شوق کی آنکھ سے دیکھ تاکہ تو صاحب ذوق بنے

مردود فاعلم ایها المنصف قال علیه السلام لا راحة للمومنین دون لقاء الله تعالیٰ ؎

بنگر از نظر شوق تا که شوی صاحب ذوق

وحضرت خاتم اولیاء بمرتبه وما ینطق عن الهوی ان هو الا وحی یوحی این احکام بامر خدا فرمودند به قرآن واحادیث واقوال سلف حجت آں ثابت است چنانکه حدیث نبوی درباب اصول دیں است از قرآن ثابت شده است که بنی الاسلام علی خمسة بهمچناں هر که اسم مهدی علیه السلام بزبان گیرد او را از حکم قرآن ورسول ومهدی علیهما السلام ایں پنج چیز که بالا مذکور شده اند باید کرد ودر طلب اصول دین مهدی علیه السلام راسخ باید شد تا در زمرۂ ناجیاں درآید واز نقل حضرت میراں علیه السلام چناں معلوم می شود که در گروه مهدیؑ مصدقاں وموافقاں ولسانیان باشند حکم مصدقان آنست که در اتباع مهدی علیه السلام ظاهر وباطن تمام کوشش دارند وبحوصلۂ خود بهره ولایت محمدی میگیرند صفت موافقاں آنست که در دائره می باشند وبا مصدقاں موافقت در عمل دین تمام می کنند واگر بعضے وقت عجز بشری غالب آید ومضطر گردد موافق شرع محمدی که شرط با شروط است کسب یک جیتل یا دو جیتل بکنند وصحبت مصدقاں نمی گزارند وصفت لسانیاں آنست که اسم مهدی علیه السلام بزبان می گیرند وامید میدارند که عاقبت خدائے تعالیٰ بر فرموده مهدی علیه السلام درآرد تا امیدواری فلاح شود چنانچه در مثنویات میفرماید

اور حضرت خاتم اولیاءؑ جو وما ینطق عن الهوی الآیة (اور نہ بات کرتا ہے اپنی خواہش نفس سے یہ تو وحی ہے جو اس کو بھیجی جاتی ہے) کے مرتبہ میں ہے یہ احکام خدا کے حکم سے بیان فرماتے ہیں اور قرآن واحادیث اور اقوال سلف سے ان کی حجت ثابت ہے جیسا کہ حدیث نبوی "اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے" اصول دین کے متعلق ہے قرآن سے ثابت ہوئی ہے اسی طرح جو شخص حضرت مهدی علیه السلام کا نام مبارک زبان سے لیتا ہے اس کو چاہئے کہ قرآن اور رسول و مهدی علیهما السلام کے حکم سے یہ پانچ چیزیں جو اوپر مذکور ہوئیں ان پر عمل کرے اور دین مهدی علیه السلام کے اصول کی طلب میں مضبوط رہے تاکہ ناجیوں کے زمرہ میں داخل ہو اور حضرت مهدیؑ کی نقل سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مهدیؑ کے گروہ میں مصدقان، موافقان اور لسانیاں ہوتے ہیں حکم مصدقان وہ ہے کہ مهدیؑ کی پیروی میں ظاہر و باطن کامل کوشش کرتے ہیں اور اپنے حوصلہ کے موافق بہرۂ ولایت محمدی (خدا کا دیدار) حاصل کرتے ہیں۔ موافقوں کی صفت وہ ہے کہ دائرہ (مصدقان مهدیؑ یعنے طالبان مولیٰ) میں رہتے ہیں اور مصدقوں کے ساتھ دینی اعمال میں کامل موافقت رکھتے ہیں (مصدقوں کے عمل کے خلاف کوئی عمل نہیں کرتے) اور اگر کسی وقت (فقر و فاقہ کی وجہ) بشری عاجزی غالب آئے اور بے قرار ہو جائیں تو شرع محمدی کے موافق جو شرط با شروط ہے ٹکے دو ٹکے کا کسب کرتے ہیں اور مصدقوں کی صحبت نہیں چھوڑتے لسانیوں کی صفت وہ ہے کہ امام مهدی موعودؑ کا نام زبان سے لیتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ مهدیؑ کے فرمان پر (توبہ اور ترک دنیا پر) خاتمہ کرے تاکہ فلاح آخرت کی امیدواری ہو۔

مثنوی

درگہ شاہ محمد مہدی آخر زماں
می نماید پنج چیزاں دائما بر مہدیاں
جان وتن را بذل کردن خانماں بگذاشتن
جوع وخواری پیشہ کردن صبر بر پا داشتن
ہر کہ مہدی را بگروید گفت او در دل کند
بے حجابش رویت اللہ بالیقین حاصل کند

بداں ای عزیز چونکہ مقصود خدائے تعالیٰ از بعثت مہدی علیہ السلام اینست کہ بواسطہ او انچہ حکم ولایت محمدیؐ است تمام اظہار شود و دعوت رویت اللہ با خلق عام وخاص آشکارا کند وطالبان خدا یرا از دنیا واز خلق دنیا باز دارد وسوی خالق راہ نماید چنانچہ موافق دعوت ہمہ پیغمبراں کقولہ تعالیٰ قال یا قوم اعبدوا اللہ مالکم من الہ غیرہ وقولہ تعالیٰ وماخلقت الجن والانس الالیعبدون ای لیعرفون۔ بیت

مارا برائے دیدن یار آفریدہ اند
ورنہ وجود ما بچہ کار آفریدہ اند

قال علیہ السلام مابعث الانبیاء قط الالانفصال الخلق عن الدنیا الی المولیٰ ودرمیان اصول دین ودر دعوت ہمہ پیغمبراں ہیچ فرق نیست ہمیں وجہ نقل حضرت میراں علیہ السلام صحیح وارد شدہ است کہ وجود حیات دنیا کفر است یعنی زیستن بجان ایں را ہستی وخودی گویند واموال واولاد را متاع حیات دنیا نام کردہ اند ہر کہ ارادہ او دارد ویابد ومشغول شود

مثنوی

حضرت شاہ محمد مہدی موعود آخر الزماں کی درگاہ میں مہدویوں پر ہمیشہ پانچ چیزیں ظاہر تھیں جان وتن کو نثار کرنا گھر بار چھوڑنا بھوک اور ذلت کا پیشہ اختیار کرنا صبر قائم رکھنا جو شخص کہ حضرت مہدیؑ کا گرویدہ ہو اور آپ کا فرمان خاطر نشین کرے ایسا شخص یقیناً دیدار خدا بے حجاب حاصل کرتا ہے۔

جان اے عزیز کہ حضرت مہدی علیہ السلام کو پیدا کرنے سے خدا تعالیٰ کا مقصود یہ ہے کہ ولایت محمدی کے جو کچھ احکام ہیں مہدی کے واسطہ سے پورے ظاہر ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ کے دیدار کی دعوت خلق پر خاص وعام ظاہر کرے اور طالبانِ خدا کو دنیا اور خلق دنیا سے روکے تمام پیغمبروں کی دعوت کے موافق خالق کی طرف جانے کا راستہ دکھائے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے قوم والو اللہ کی بندگی کرو نہیں ہے تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی دوسرا اللہ اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے جن وانس محض بندگی کے لئے پیدا کئے یعنی محض معرفت کے لئے پیدا کئے

ہم کو ہمارے دوست کو دیکھنے کے لئے پیدا کئے ہیں اور اگر یہ بات تسلیم نہیں کی جاتی ہے تو کہا جائے کہ پھر کس لئے ہم کو عدم سے وجود میں لائے

آنحضرت نے فرمایا کہ نہیں مبعوث ہوئے انبیاء کبھی مگر واسطے فرار ہونے مخلوق کے دنیا سے طرف مولیٰ کے اور دین کے (دین مہدیؑ کے) اصول اور تمام پیغمبروں کی دعوت کے درمیان کوئی فرق نہیں اسی وجہ حضرت مہدیؑ کی صحیح نقل شریف آئی ہے کہ دنیا کی زندگی کا وجود یعنے جان سے جینا کفر ہے اس کو ہستی اور خودی کہتے ہیں اور اموال اور اولاد کا نام دنیا کی زندگی کی پونجی رکھے ہیں جو شخص دنیا کی زندگی کی پونجی کا ارادہ رکھے یا اس میں مشغول ہو جائے اور دنیا کی زندگی میں جینا چاہے

زینتِ حیات دنیا خواہد او کافر است و اگر کسی با او صحبت
کند یا در خانہ او برود یا با او الفتی دارد حضرت میرانؑ
فرمودہ اند کہ او از آن ما نیست و از آن محمد نیست و از
آن خدا نیست و نیز فرمودہ اند ہر حکمی کہ بیان میکنم
از خدا و بامر خدا بیان میکنم ہر کہ ازیں احکام یک حرف
را منکر شود او عند اللہ ماخوذ گردد پس ازینجا معلوم
می شود کہ آنچہ حکم مہدیست حکم خداست و از زبان
مبارک حضرت امام علیہ السلام در باب دنیا داران
و مذمت دنیا و طالبان دنیا ایں آیت ہا ظاہر شدہ
اند قال اللہ تعالیٰ من کان یرید الحیوٰۃ
الدنیا و زینتہا نوف الیہم اعمالہم فیہا
وھم فیہا لا یبخسون اولئک الذین
لیس لہم فی الآخرۃ الا النار و حبط
ما صنعوا فیہا و باطل ما کانوا یعملون۔
و ایضاً زین للناس حب الشھوات من
النساء والبنین والقناطیر المقنطرۃ
من الذھب والفضۃ والخیل المسومۃ
والانعام والحرث ذلک متاع الحیوٰۃ
الدنیا واللہ عندہ حسن المآب و ویل
للکفرین من عذاب شدید ن الذین یستحبون
الحیوٰۃ الدنیا علی الآخرۃ و یصدون عن
سبیل اللہ و یبغونہا عوجا اولئک
فی ضلل بعید۔ و ایضاً زین للذین کفروا
الحیوٰۃ الدنیا و یسخرون من الذین
آمنوا والذین اتقوا فوقہم یوم القیمۃ

وہ کافر ہے اور اگر کوئی (تارک دنیا) شخص اوس کی (مرید دنیا کی) صحبت میں
رہے یا اوس کے گھر (منفعت کی غرض سے) جائے یا اوس کے ساتھ الفت
رکھے (تو اوس کے متعلق) حضرت مہدیؑ نے فرمایا ہے کہ وہ ہماری آن (ملک)
سے نہیں ہے اور آن محمد سے نہیں ہے اور آن خدا سے نہیں ہے اور نیز (امامؑ نے)
فرمایا ہے کہ جو حکم کہ میں بیان کرتا ہوں خدا سے (صلوٰۃ حضور خدا) اور خدا کے حکم سے بیان کرتا ہوں جو شخص ان احکام سے
ایک حرف منکر ہو جائے تو وہ اللہ کے پاس پکڑا جائے گا۔ پس یہاں (مہدی کے فرمان سے)
معلوم ہوتا ہے کہ مہدی کا جو حکم ہے وہ خدا کا حکم ہے اور حضرت امام کی
زبان مبارک سے دنیا داروں اور دنیا کی مذمت اور دنیا کے طالبوں
کے متعلق یہ آیتیں ظاہر ہوئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔ جو کوئی ارادہ
رکھتا ہے دنیا کی زندگی اور دنیوی رونق کا تو ہم پورا بھر دیتے ہیں انکو
ان کے اعمال کا بدلہ دنیا ہی میں اور وہ یہاں نقصان میں نہیں رہتے
یہی ہیں جن کے لئے کچھ نہیں آخرت میں سوائے آگ کے اور مٹ گیا جو
کچھ کیا تھا دنیا میں اور نیست و نابود ہو گیا جو وہ کرتے تھے اور نیز (اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے کہ) زینت دی گئی لوگوں کے لئے محبت شہوتوں کی یعنی عورتوں
کی اور اولاد کی اور چاندی سونے کے ڈھیروں کی نشانی دار گھوڑوں
کی اور چوپایوں کی اور کھیتی کی یہ (ساری چیزیں جو مذکور ہوئیں) دنیا
کی زندگانی کی پونجی ہیں اور اللہ کے یہاں اچھا ٹھکانہ ہے نیز فرماتا ہے
اور خرابی ہے کافروں کے لئے سخت عذاب سے جو پسند رکھتے ہیں دنیا
کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں اور روکتے ہیں اللہ کے راستے سے
اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہیں۔ یہی لوگ بڑی گمراہی میں ہیں اور
نیز (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) عمدہ کر دکھائی گئی کافروں کے لئے دنیا کی
زندگی اور وہ ہنسی کرتے ہیں مومنوں سے اور جو لوگ پرہیزگار ہیں
وہ اون کے (کافروں کے) اوپر ہوں گے قیامت کے دن۔ اور
اللہ روزی دیتا ہے جس کو چاہتا ہے بے حساب اور نیز اللہ تعالیٰ
فرماتا ہے:۔ کہدے کہ (کہو تو) ہم تم کو وہ لوگ بتائیں جو

والله یرزق من یشاء بغیر حساب۔ و
ایضا قل ھل ننبئکم بالاخسرین اعمالا
الذین ضل سعیھم فی الحیوٰۃ الدنیا
وھم یحسبون انھم یحسنون صنعا ہ
اولئک الذین کفروا بایات ربھم و
لقائہ فحبطت اعمالھم فلا نقیم لھم یوم
القیمۃ وزنا ذالک جزاؤھم جھنم
بما کفروا واتخذوا ایتی ورسلی ھزوا
(جز۱۶ رکوع ۳) وایضا ان الذین لایرجون لقاءنا
ورضوا بالحیوٰۃ الدنیا واطمانوا بھا
والذین ھم عن ایتنا غفلون ہ اولئک
ماواھم النار بما کانوا یکسبون ہ

بڑے گھاٹے میں ہیں اعمال کے اعتبار سے وہ لوگ ہیں جن کی کوشش
گئی گزری ہوئی دنیا کی زندگی میں اور وہ سمجھتے ہیں کہ اچھے کام کر رہے
ہیں یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے نہ مانا اپنے رب کی آیتوں اور اس کے
دیدار کو پس اکارت ہو گئے ان کے عمل تو ہم نہ قائم کریں گے ان کیلئے
قیامت کے دن تول یہ ان کا بدلہ جہنم ہے اس سبب سے کہ انہوں نے
کفر کیا اور بنایا میری آیتوں اور رسولوں کو ٹھٹھا اور نیز (اللہ تعالے
فرماتا ہے کہ) جو لوگ امید نہیں رکھتے ہمارے دیدار کی اور خوش
ہوئے دنیا کی زندگی پر اور اسی پر چین پکڑا اور جو لوگ ہماری آیتوں سے
غافل ہیں ایسوں کا ٹھکانہ آگ ہے۔ ان کرتوتوں کے بدلہ میں جو
کسب کرتے تھے (کماتے تھے)

(جز۱۱ رکوع ۲) پس ہر کہ ارادۂ دنیا تا آخر دم بدارد
وازو احتراز نکند حضرت میران علیہ السلام در باب
او این آیت فرمودند وعدہ او در دوزخ قال
اللہ تعالیٰ من کان یرید العاجلۃ عجلنا
لہ فیھا ما نشاء لمن نرید ثم جعلنا
لہ جھنم یصلٰھا مذموما مدحورا کما قال
علیہ السلام الدنیا جیفۃ وطالبھا کلاب
وشر الکلاب من وقف علیھا ایضا الدنیا
مزبلۃ ومجمع الکلاب واقل الکلاب
یاخذ منھا حاجتہ وینصرف والمحب
لھا لایزول ولا یترکھا بحال ودر کتاب
مختصر احیاء العلوم آوردہ است واکثر القرآن
مشتمل علی ذم الدنیا وصرف

پس جو شخص کہ آخر دم تک دنیا کا ارادہ رکھتا ہے اور اوس سے
پرہیز نہیں کرتا ہے اوس کے باب میں حضرت مہدیؑ نے یہ آیت
فرمائی ہے اس کے متعلق دوزخ کا وعدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا
ہے کہ جو شخص دنیا کا طالب ہو ہم جلد دے دیتے ہیں اس کو
اسی میں جتنا چاہیں جسے چاہیں پھر ہم نے ٹھہرا رکھی ہے
اس کے لئے دوزخ اس میں داخل ہوگا بُرے حالوں (راندہ)
ہو کر جیسا کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ دنیا مردار ہے اور اس کے
طالب کتے ہیں اور کتوں میں بُرا وہ ہے جو ٹھہر گیا اوس پر نیز (آنحضرتؐ
نے فرمایا کہ) دنیا گھوڑے اور کتوں کے جمع ہونے کی جگہ ہے
کتے پنے کی صفت میں جو کم ہوتا ہے وہ بقدر حاجت لے لیتا ہے
اور پلٹ جاتا ہے اور اس کا دوستدار ہٹتا نہیں اور کسی حال میں اسکو چھوڑتا
نہیں اور کتاب مختصر احیاء علوم میں مذکور ہے کہ اکثر قرآن دنیا کی
مذمت اور مخلوق کو دنیا سے پھیرنے اور اون کو آخرت کی طرف بلانے

المخلوق عنها ودعوتهم الى الآخرة بل
هو مقصود الانبياء عليهم الصلوٰة
والسلام ولم يبعثوا الا لذلك و
الاخبار فيها واردة قال النبي صلى الله
عليه وسلم ان الله تعالى لم يخلق
خلقا ابغض اليه من الدنيا وانه
منذ خلقها لم ينظر اليها وروى
فى اخبار آدم عليه السلام انه لما
اكل من الشجرة تحركت معدته
لخروج الثفل ولم يكن ذلك مجعولا
فى شئ من اطعمة الجنة الا فى هذه
الشجرة فلذلك نهيا عن اكلها
قال فجعل يدور فى الجنة فامر الله
تعالى ملكا يخاطبه فقال له قل له اى
شئ تريد قال آدم عليه السلام اريد
ان اضع ما فى بطنى من الاذى فقيل
للملك قل له فى اى مكان تريد ان
تضعه اعلى الفرش ام على السرر ام
على الانهار ام تحت ظلال الاشجار
هل ترى هٰهنا مكانا يصلح لذلك
ولكن اهبط الى الدنيا وبعضى اقوال
صحابه رضوان الله عليهم اجمعين
وتابعان ايشان رحمة الله عليهم هم برين موافق
است كما روى عن على رضى الله عنه
صحبة الملوك فتنة وسم قاتل

کے مضمون پر شامل ہے بلکہ انبیا علیہم السلام کا مقصود یہی ہے
اور ان کی بعثت اسی کے لئے ہوئی ہے اس میں احادیث وارد
ہیں۔ نبی صلعم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے کسی ایسی مخلوق
کو پیدا نہیں کیا جو اس کے پاس دنیا سے زیادہ
مبغوض ہو اور جب سے کہ اوس نے دنیا کو پیدا
کیا اوس کی طرف (محبت سے) نہیں دیکھا اور آدمؑ
کے حالات میں مروی ہے کہ جب آپ نے درخت
سے کھایا تو آپ کا معدہ فضلہ کے نکلنے کے لئے
متحرک ہوا۔ جنت کے کھانوں میں سے کوئی چیز
اس خاصیت کی نہ تھی مگر اوسی درخت کی پس اسی
وجہ سے وہ منع کئے گئے اوس کے کھانے سے فرمایا
نبی صلعم نے کہ وہ جنت میں پھرنے لگے پس اللہ
نے ایک فرشتہ کو مخاطب کر کے حکم دیا اور فرمایا کہ
اوس سے کہو کہ تو کیا چاہتا ہے تو آدم نے کہا کہ
میں چاہتا ہوں کہ میرے پیٹ میں جو فضلہ ہے اوکو
باہر کر دوں فرشتے سے کہا گیا کہ اوس سے کہو کہ
تو اپنے پیٹ کے فضلہ کو کس مقام میں رکھنا چاہتا
ہے فرش پر یا تخت پر یا نہروں پر یا درختوں کے سایہ کے
نیچے کیا کسی جگہ کو اس کے قابل بھی تو یہاں دیکھتا
ہے لیکن اتر جا دنیا کی طرف اور بعضے صحابہ رضوان
اللہ علیہم اجمعین اور ان کے تابعین رحمتہ اللہ علیہم
کے اقوال بھی اسی کے موافق ہیں۔

چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ
سلاطین کی صحبت فتنہ ہے اور سم قاتل ہے جس کی
دوا نہیں۔ سلوک اور ریاضت کے تمام کرنے کے

لادواء لہ وقولہ فی اقامۃ السلوک
والریاضۃ ترک الدنیا وصحبت
الاغنیاء والملوک وھواء نفسہ و
روی عن الحسن البصری عن
امیرالمؤمنین علی ابن ابی طالب
رضی اللہ عنہ قال اذا رایت رجلا
یخالط الناس بغیر حاجۃ ویطلب
الدنیا ثم یطلب المولی فاعلم انہ
زندیق وھو دود ولصوص الدین
وقطاع الطریق وروی عن ابی یزید
انہ قال طالب الدنیا لا یکون طالب
المولی واختلاط اھل الدنیا شرک
للسالکین فی طریق طلب المولی وحضرت
میراں علیہ السلام در ترک حیات دنیا فرمودند
قولہ تعالی مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ
ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ
حَيٰوةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ
بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ٥ (جز ۱۴ رکوع ۹)
وتمام تابعان مھدی علیہ السلام ازیں حکم ذاتِ خود
را حکم کردند کہ ترک دنیا فرض است کما
قال اللہ تعالی انما اموالکم واولادکم
فتنۃ وایضا قال اللہ تعالے
(جزء ۹ رکوع ۱۲)
یا ایھا الذین آمنوا ان من ازواجکم
واولادکم عدوا لکم فاحذرو
ھم (جزء ۲۸ رکوع ۱۶)

بارے میں آپ کا (حضرت علی رضی اللہ عنہ کا)
ایک قول یہ بھی ہے کہ ترک دنیا اور توانگروں اور
بادشاہوں کی صحبت اور خواہش نفسانی کو
چھوڑنا ہے اور حسن بصری سے بروایت امیرالمؤمنین
علی ابن طالب مروی ہے کہ کہا جب تو کسی آدمی
کو دیکھے کہ بے ضرورت لوگوں سے ملتا ہے اور دنیا
کا طلب گار ہے اور پھر خدا کی طلب کا دعوے بھی
کرتا ہے تو جانو کہ وہ زندیق ہے اور مردود ہے اور
دین کا چور ہے اور رہزن ہے اور ابویزید سے
مروی ہے کہ انھوں نے کہا طالب دنیا طالب خدا
نہیں ہوتا۔ اور اہل دنیا سے میل جول رکھنا راہ
طلب خدا کے چلنے والوں کے لئے شرک ہے۔ اور
حضرت مہدی علیہ السلام نے ترک حیات دنیا
کے متعلق فرمایا ہے کہ اللہ تعالے فرماتا ہے کہ
جس نے عمل صالح (ترک حیات دنیا) کیا مرد ہو
یا عورت اور وہ مومن ہو تو ہم اون کی زندگی اچھی
طرح بسر کرائیں گے۔ اور ہم اون کو عطا کریں
گے ان کا اجر بہتر کاموں پہ جو وہ کرتے تھے۔ اور
حضرت مہدی علیہ السلام کے تمام پیروی کرنے
والوں نے اس حکم مذکور سے اپنی ذات کو حکم کیا
کہ ترک دنیا فرض ہے۔ چنانچہ اللہ تعالی فرماتا ہے
کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد بس خراب کرنے
والے ہیں اور نیز اللہ تعالے فرماتا ہے کہ اے ایمان والو
تمہاری بی بیوں اور تمہاری اولادیں سے بعض
تمہارے دشمن ہیں تو تم ان سے بچتے رہو۔

قال ابوالدرداء رضی اللہ عنہ
من هوان الدنیا علی اللہ انہ لا
یعطی الا فیها ولا ینال ما عندہ الا
بترکها فاعلم ان فتنۃ الدنیا کثیرۃ
واعظم فتنتها الاموال وقال علیہ السلام
طلب الدنیا راس کل خطیئۃ وترک
الدنیا راس کل عبادۃ وقال علیہ
السلام ما شغلک عن اللہ فهو
صنمک ای فهو طاغوتک وروی
عن خواجہ جنید بغدادی رحمۃ
اللہ علیہ قال یحرم علی الفقیر فی
جمیع المذاهب ان یخالط اهل
الدنیا ویجیئ الی الملوک والسلاطین
قال علیہ السلام ایاک والملوک
فان خالفوک قتلوک وان وافقوک
اضلوک وحضرت رسالت پناہ را فرمان شد
ولا تمدن عینیک الی ما متعنا
بہ ازواجا منهم زهرۃ الحیوۃ
الدنیا لنفتنهم فیہ ورزق ربک
خیر وابقی وامر اهلک بالصلوۃ
واصطبر علیها لا نسئلک رزقا
(نحن نرزقک) قال علیہ السلام اذا
جاء السلوک علی باب الملوک
فبئس السلوک وبئس الملوک واذا جاء
الملوک علی باب السلوک فنعم الملوک

ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ کے
پاس دنیا ذلیل ہونے کی دلیل یہ ہے کہ وہ نہیں دیتا
ہے کسی کو دنیا مگر دنیا ہی میں اور نہیں پاتا ہے کوئی
شخص اس چیز کو جو اللہ کے پاس ہے مگر (اس وقت
جب کہ) چھوڑ دیتا ہے دنیا کو بس واضح ہو کہ دنیا کے
فتنے بہت ہیں اون میں بڑا فتنہ اموال ہے اور آنحضرت
نے فرمایا کہ دنیا کی طلب ہر گناہ کا سر ہے اور ترک دنیا
ہر عبادت کا سر ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جو چیز
تمھیں اللہ تعالیٰ سے پھیرے وہ تمھارا صنم ہے یعنے وہ
تمھارا طاغوت ہے اور خواجہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ
سے مروی ہے کہ ہر مذہب میں فقیر پر اہل دنیا سے میل جول
رکھنا اور ملوک وسلاطین کے پاس آمد ورفت رکھنا
حرام ہے اور فرمایا علیہ السلام نے تم بادشاہوں
سے بچو اگر تمھارے مخالف ہو جائیں تو تم کو قتل کریں گے
اور اگر موافق ہوں تو تم کو گمراہ کریں گے۔ اور حضرت
رسالت پناہ ؐ (کو اللہ تعالیٰ کا) فرمان ہوا کہ اور تو
نہ دوڑا اپنی نظر اس چیز کی جانب جو ہم نے استعمال
کے لئے دیدی ہے مختلف قسم کے لوگوں کو دنیوی زندگی
کی آرائش تاکہ ہم ان کو اوس میں آزمائیں اور تیرے
پروردگار کی دی ہوئی روزی (نبوت اور ہدایت)
بہتر اور زیادہ پائیدار ہے اور حکم کر اپنے گھر والوں کو
نماز کا اور خود بھی اس پر قائم رہ ہم تجھ سے روزی نہیں
مانگتے خود تجھے روزی دیتے ہیں۔ آنحضرت ؐ نے فرمایا کہ
جب سالکین (فقرا) بادشاہوں کے دروازے پر جائیں
تو برے سالک ہیں اور بادشاہ بھی برے ہیں اور جب سلاطین سالکین کے

ونعم السلوک وقال علی رضی اللہ عنہ بئس
الفقیر من یاتی علی باب الامیر وخیر
الامیر من یاتی علی باب الفقیر پس باید
دانست کہ طالب خدا را ترک دنیا لازم است وکار
دین بر آں عزیمت است پیروی آں اولی است
واگر وقتی عجز بشری بر وغالب آید بفرمودہ
حضرت میراں علیہ السلام عمل کند تا ماخوذ
نہ گردد چنانچہ نقل است از حضرت میراں سید محمد
مہدی موعود علیہ السلام کہ کسی ماندن بر خدائے تعالی
نتواند وہلاک می شود چہ کند پس حضرت میراں علیہ السلام
فرمودہ اند کہ برو دیک چیتل یا دو چیتل را کسب کند و
بخورد و باز فرمودند کہ ہاں ہوشیار باش وحرص نکنی و
زیادہ طلب نہ کنی خدا تعالے نخواہد پرسید چنانچہ خدائے
تعالی رخصت دادہ است کما قال سبحانہ وتعالی
فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ
إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ حضرت میراں علیہ السلام
فرمودہ اند اما ہماں مقدار سوداگری یا کسب قوت
لایموت کند ومقصود او برائے قوت عبادت نباشد
بلکہ برائے ریا وریاست دنیا می کند طالب دنیا است
بحدیکہ ایں مقدار کہ رخصت دادہ شدہ است ہم طلب
نکند بلکہ بر توکل ظاہر چناں می نماید کہ زہد وریاضت
و گرسنگیہا و برہنگیہا می کشد لیکن مقصود او غیر خدا باشد
باوجود دیں تقوی و پرہیزگاری داخل دوزخ گردد
کما قال اللہ تعالی من کان یرید الحیوۃ الدنیا
وزینتہا نوف الیہم اعمالہم فیہا وہم

ہاں آئیں تو وہ سالکین بھی اچھے ہیں اور سلاطین بھی۔
اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا برا فقیر امیر کے
دروازے پر جانے والا اور اچھا امیر فقیر کے پاس
آنے والا ہے۔ پس جاننا چاہئے کہ خدائے تعالی
کے طالب کے لئے ترک دنیا لازم ہے۔ اور دین کا کام
اس پر طالب خدا پر عزیمت ہے اور پیروی اوسکی اولی ہے اور اگر کسی وقت
بشری عاجزی اس پر غالب آئے۔ حضرت مہدیؑ
کے فرمان پر عمل کرے تاکہ (اللہ کے پاس) گرفتار نہو
چنانچہ حضرت میراں سید محمد مہدی موعود علیہ السلام سے
نقل ہے کہ (کسی نے حضرت سے عرض کیا کہ کوئی (تارک)
دنیا شخص خدائے تعالی پر (تین دن سے زائد فقر وفاقہ
میں) نہیں رہ سکتا اور ہلاک ہوجاتا ہے تو کیا کرے؟
پس حضرت مہدی نے فرمایا کہ جائے ایک دو ٹکے کسب
کرے اور کھائے اور پھر فرمایا کہ ہاں ہشیار رہے اور حرص
نہ کرے اور زیادہ طلب نہ کرے خدا تعالی نہیں پوچھے گا۔
چنانچہ خدائے تعالے نے رخصت دی ہے جیساکہ فرمایا خدائے
پاک دیرتر نے کہ پھر جو کوئی ناچار ہوجائے کہ نہ عدول حکمی
کرنے والا ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا تو اس پر کچھ گناہ
نہیں بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ حضرت مہدیؑ نے فرمایا
لیکن اسی مقدار (ٹکے دو ٹکے کی) سوداگری اور یا اتنی غذا کا
کسب کرتا ہو کہ جس سے زندگی برقرار رہے اور اوس کسب کا
مقصود عبادت کی قوت کیلئے نہو بلکہ ریا اور ریاست دنیا
کے لئے کسب کرتا ہو تو دنیا کا طالب ہے یہاں تک کہ یہ مقدار
بھی کہ جسکی رخصت دیگئی ہے طلب نہیں کرتا بلکہ بظاہر ایسا متوکل
دکھائی دیتا ہے کہ ہمیشہ پرہیزگاری ریاضت فقر وفاقہ اور برہنگی
میں بسر کرتا ہے لیکن اوس کا مقصود غیر خدا (دنیا) ہے باوجود اس

فیہا لا یبخسون اولئک الذین لیس
لہم فی الاخرۃ الا النار وحبط ما صنعوا
فیہا وباطل ما کانوا یعملون۔ وایضا قل
ھل ننبئکم بالاخسرین اعمالا الذین
ضل سعیہم فی الحیوۃ الدنیا الآیۃ و
ایضا من کان یرید العاجلۃ عجلنا
لہ فیہا ما نشاء الایۃ درین باب نقل ہائے
حضرت میراں علیہ السلام برائے تائید آیت ہائے قرآن
واحادیث بسیار اند اما مختصر کردہ شدہ تا کیفیت
دراز نگردد بعضے اولیا امت مرحومہ ہمچو ابراہیم ادہمؒ
ورابعہ بصریؒ درین باب فرمودہ اند کہ اگر درویش
راسہ روز فاقہ گزرد تا بمیرد ولیکن کسب نکند تا دیت
بر قاتل لازم آید۔ فرد

مرکشتۂ خلق را دیت دینار است
مرکشتۂ حق را دیت دیدار است

بعد از شنیدن این گفتار حضرت میراں علیہ السلام
فرمودند کہ ابراہیم ادہمؒ ورابعہ بصریؒ عزیمت فرمودند
اگر کسی بر عزیمت ماندن نتواند خدائے تعالےٰ درکلام
خویش رخصت ہم فرمودہ است قال اللہ تعالیٰ
انما حرم علیکم المیتۃ والدم ولحم الخنزیر
وما اھل بہ لغیر اللہ فمن اضطر غیر
باغ ولا عاد فلا اثم علیہ ان اللہ
غفور رحیم (جزء ۲ رکوع ۵) وخدائے تعالیٰ
نفرمودہ کہ جنات دنیا را بطلبند وپاکانیکہ طالب دنیا
باشند سوی ایشاں میل کنند وبجانہ ایشاں بروند

تقوےٰ و پرہیزگاری کے دوزخ میں داخل ہوتا ہے
چنانچہ۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو کوئی چاہتا ہے
دنیا کی زندگی اور دنیوی رونق ہم پورا پھر دیتے ہیں
اون کو اون کے اعمال کا بدلہ دنیا ہی میں اور وہ یہاں
نقصان میں نہیں رہتے یہی ہیں جن کے لئے کچھ نہیں
آخرت میں سوائے آگ کے اور مٹ گیا جو کچھ کیا تھا
دنیا میں اور نیست و نابود ہوگیا جو وہ کرتے تھے اور
نیز اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہدے کہ (کہو تو) ہم تم کو وہ
لوگ بتائیں جو بڑے گھاٹے میں ہیں اعمال کے اعتبار
سے وہ لوگ ہیں جن کی کوشش گئی گذری ہوئی دنیا کی
زندگی میں الخ اور نیز فرماتا ہے کہ جو شخص دنیا کا طالب
ہو ہم جلد دیدیتے ہیں اس کو اسی میں جتنا چاہیں الخ
اس باب میں ـــــ حضرت مہدی علیہ السلام کے
نقول کی تائید میں بہت سی آیتیں اور حدیثیں ہیں لیکن مختصر
کیا گیا تاکہ کیفیت دراز نہ ہو اور امت مرحومہ کے
بعض اولیا مثلاً ابراہیم ادہمؒ اور رابعہ بصریؒ نے
اس باب میں فرمایا کہ اگر درویش پر تین روز تک
فاقہ ہو تو بھی مر جائے ولیکن کسب نہ کرے تاکہ
بدلہ قاتل پر لازم آئے۔ فرد۔ خلق کے مارے ہوئے
کا بدلہ دینار (روپیہ پیسہ) ہے حق کے مارے ہوئے
کا بدلہ حق کا دیدار ہے۔ حضرت مہدی علیہ السلام نے
ان کی گفتار کو سن کر فرمایا کہ ابراہیم ادہمؒ اور رابعہ
بصریؒ نے عزیمت (عالیت) بیان فرمائی ہے۔ اگر
کوئی تارک دنیا؛ عزیمت پر قایم نہیں رہ سکتا ہے
تو خدائے تعالیٰ نے اپنے کلام میں رخصت بھی بیان

وازایشاں چیزے بخواہند حضرت میراں علیہ السلام ہم
ایں رخصت ندادہ اند بلکہ درباب ایشاں آیت ہائے
قرآن خواندہ اند کما قال اللہ تعالیٰ من کان یرید
الحیوۃ الدنیا و زینتہا الایۃ و دیگر قل ھل
ننبئکم تاھزوا و دیگر وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ
ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ
اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ (جزء ۱۲
رکوع ۱۰) و بدیں مثال آیت ہائے قرآن بسیار بالا مذکور
شدہ اند پس بداں اے برادر چونکہ فرمودہ حضرت میراں
علیہ السلام درباب ترک دنیا موافق قرآن و احادیث
و اقوال صحابہ و تابعین درست و راست آمدہ پس ہرکہ
مصدق مہدی علیہ السلام باشد او را از دنیا ترک باید
کرد و نفس را از ارادۂ دنیا باز دارد و اگر در وقت تنگی
عجز بشری غالب آید آں را رخصت از قرآن بشرطیکہ
مشروط شدہ آں ظاہر است کقولہ تعالیٰ فمن
اضطر غیر باغ الایۃ پس اگر کسی برخلاف ایں حکم

فرمائی ہے - اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔۔۔ اس نے تو حرام کیا ہے
تم پر مردہ اور خون اور سور کا گوشت اور جس پر نام پکارا
جائے اللہ کے غیر کا پھر جو کوئی ناچار ہو جائے کہ نہ عدول
حکمی کرنے والا ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا تو اس پر کچھ گناہ
نہیں بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے اور خدائے تعالیٰ
نے یہ نہیں فرمایا کہ دنیا کی زندگی طلب کریں اور جو دنیا کے
طالب ہیں ان کی طرف توجہ کریں اور ان کے گھر پر جائیں
اور ان سے کوئی چیز چاہیں - حضرت مہدیؑ نے بھی یہ
رخصت نہیں دی ہے بلکہ ان کے متعلق قرآن کی آیتیں
پڑھی ہیں - چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو کوئی چاہتا
دنیا کی زندگی اور دنیوی رونق الخ اور فرماتا ہے
قل ھل ننبئکم تاھزوا اور نہ جھکو ان کی
جو ظالم ہیں (ورنہ) آلگے گی تم کو آگ اور کوئی نہیں
اللہ کے سوا مددگار اور پھر کہیں مدد نہ پاؤ گے اور ایسی
بہت سی قرآن کی آیتیں اوپر مذکور ہو چکی ہیں - پس
جان اے بھائی چونکہ حضرت مہدیؑ نے ترک دنیا

لہ قل ھل ننبئکم بالاخسرین اعمالا الذین ضل سعیھم فی الحیوۃ الدنیا وھم یحسبون انھم یحسنون صنعا اولٰئک الذین کفروا بآیات ربھم ولقائہ فحبطت اعمالھم فلا نقیم لھم یوم القیمۃ وزنا ذلک جزاؤھم جہنم بما کفروا واتخذوا آیتی و رسلی ھزوا (جزء ۱۶ رکوع ۳) (کہو تو) ہم تم کو وہ لوگ بتائیں جو بڑے گھاٹے میں ہیں اعمال کے اعتبار سے وہ لوگ ہیں جن کی کوشش گئی گزری ہوئی دنیا کی زندگی میں اور وہ سمجھتے ہیں کہ اچھے کام کر رہے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے نہ مانا اپنے رب کی آیتوں اور اس کے دیدار کو پس اکارت ہو گئے اون کے عمل تو ہم نہ قائم کریں گے ان کے لئے قیامت کے دن تول یہ ان کا بدلہ جہنم ہے اس سبب سے کہ انہوں نے کفر کیا اور بنایا میری آیتوں اور رسولوں کو ٹھٹھا ان الذین آمنوا وعملوا الصلحت کانت لھم جنت الفردوس نزلا خلدین فیھا الخ جو لوگ ایمان لائے اور عمل صالح کئے (ترک حیات دنیا کئے) ان کے لئے فردوس کے باغ ہیں مہمانی کو جنہیں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

دعوی بے دلیل می کند و در رخصت شرط بلا مشروط نماید
و در طلب خدای دعوائے بے معنے در خلق پیدا می کند او را
منفعت ایمان نشود کما قال اللہ تعالیٰ لِمَ تقولون
ما لا تفعلون وایضاً اَتَامُرُونَ النَّاسَ بِالبِرِّ
وَتَنسَونَ اَنفُسَکُم وَاَنتُم تَتلُونَ الکِتَابَ اَفَلَا
تعقلون (جزو ا رکوع ۵) پس باید دانست کہ بغیر
ترک دنیا ایمان نیست و طالب حق را فرض است کہ
ترک دنیا بکند و خود را در حدود دین کہ بالا مذکور شدہ
است بدارد و گرنہ از گفتار زبان کہ دعوی ترک دنیا
کردہ در دانش خود میداند کہ سزاوار مغفرت می باشم
خطای عظیم و عطای جحیم است کما قال اللہ تعالیٰ
فاما من طغیٰ و اٰثر الحیوۃ الدنیا فان الجحیم
ھی الماویٰ۔ و ہمچنان نقل از زبان حضرت میراں ع
وضوح شدہ است کہ قبولیت بندہ عمل است بغیر عمل
قبولیت بندہ مردود فانظر ایہا المنصف قال ع
لا راحۃ للمومنین دون لقاء اللہ تعالیٰ

کے متعلق جو کچھ فرمایا ہے قرآن اور احادیث اور اقوال
صحابہ و تابعین نبوت کے موافق راست و درست
ہو چکا پس جو شخص کہ مہدی ع کی تصدیق (مقبل مومن
و منکر کافر کا اقرار) کرنے والا ہے اوس کو چاہئے کہ ترک دنیا
کرے اور اپنے نفس کو دنیا کے ارادہ سے باز رکھے اور اگر
تنگی کے وقت بشری عاجزی غالب آئے تو اس کے لئے قرآن
سے رخصت جو شرط کے ساتھ مشروط ہے دیگئی ہے ظاہر ہے
مانند قول اللہ تعالیٰ کے بعد جو کوئی ناچار ہو جائے کہ نہ عدول
حکمی کرنے والا ہو الخ پس اگر کوئی (تارک الدنیا) شخص اس
حکم کے خلاف میں بے دلیل دعوے کرتا ہے اور رخصت کیلئے
جو شرط ہے اس کو بلا مشروط بیان کرتا ہے اور خدا کی طلب
کا بے معنے دعوے خلق پر ظاہر کرتا ہے تو اس کو ایمان
سے نفع نہ ہوگا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ کس لئے
کہتے ہو تم وہ بات جس پر تم عمل نہیں کرتے اور نیز اللہ
تعالیٰ فرماتا ہے کہ کیا تم حکم کرتے ہو لوگوں کو نیک کام کا
اور بھولتے ہو اپنے آپ کو حالانکہ پڑھتے ہو کتاب کیا
تم سمجھتے نہیں پس جاننا چاہئے کہ ترک دنیا بغیر ایمان
نہیں ہے اور حق کے طالب کیلئے فرض ہے کہ ترک دنیا کرے
اور دین کے حدود جو اوپر مذکور ہوئے خود کو ان حدود پر
قائم رکھے وگرنہ زبانی باتوں سے جو ترک دنیا کا دعوے
کیا ہے دل میں خود کو سزاوار مغفرت سمجھ جائے تو یہ اوس کی
بڑی خطا اور اس کے لئے جہنم کی عطا ہے چنانچہ اللہ تعالےٰ
فرماتا ہے کہ تو جس شخص نے سرکشی کی اور بہتر سمجھا دنیا کا جینا
تو بے شک دوزخ ہی اوس کا ٹھکانا ہے اور اسی طرح
نقل شریف حضرت مہدی کی زبان مبارک سے صادر ہوئی ہے

کہ بندہ کو قبول کرنا عمل کرنا ہے بے عمل بندہ کی قبولیت
مردود ہے پس غور کر اے منصف کہ آنحضرت ؐ نے فرمایا کہ
مومنوں کو اللہ تعالےٰ کے دیدار کئے بغیر
راحت نہیں۔

بنگر از نظرِ شوق تا کہ شوی صاحبِ ذوق
دیگر واضح باد کہ طالبِ خدائی را بعد از ترک
دنیا و ترک علائق عزلت از خلق فرض است
چنانچہ نقل حضرت امام علیہ السلام کہ طالب
حق را چہار حجاب انداز ان دو در وسع امکان اند
یعنے ترک دنیا و عزلت از خلق و از نفس و
شیطان پناہ بجوید تا ایمان سلامت باشد و آنچہ
احکام و حدود ترک دنیا است بالا مذکور شدہ
است و حجاب دوم کہ عزلت از خلق و قطع علائق
است آں را حضرت میراں علیہ السلام بدیں
عبارت فرمودہ اند کہ بر طالب خدا چہ چیز
فرض است کہ بداں بخدا رسد فرمودند کہ آں
چیز عشق است باز فرمودند کہ عشق چگونہ حاصل
شود باز فرمودند کہ توجہ دل دائم بسوئی حق
داشتہ باشد چنانچہ در دل ہیچ چیز مائل نشود و
برائے ایں معنے ہمیشہ خلوت اختیار کند و با
ہیچ کس نہ پرداز د نہ با یار و نہ با اغیار در استادن
و نشستن و غلطیدن و خوردن و آشامیدن در
ہمہ حال ملاحظہ حق کند بلکہ یک ذرہ با مخلوق
احتیاج نکند چوں مومناں را یقین آمد بر فرمودۂ
خدا و وعدہ او پس حبس کردند ذات خود را از میل

شوق کی آنکھ سے دیکھ تا کہ تو صاحب ذوق بنے
دیگر واضح ہو کہ خدائے تعالےٰ کے طالب پر ترک دنیا
اور ترک علائق کے بعد مخلوق سے الگ رہنا فرض ہے
چنانچہ حضرت امام ؑ کی نقل مبارک ہے کہ حق کے
طالب کے لئے چار پردے ہیں ان میں سے دو یعنے
دنیا کو چھوڑنا اور مخلوق سے الگ رہنا انسان
سے ہو سکتا ہے اور نفس و شیطان کے متعلق خدا
سے پناہ مانگے تا کہ ایمان سلامت رہے اور جو کچھ
احکام و حدود ترک دنیا ہیں اوپر مذکور ہو چکے۔ اور
دوسرا حجاب جو مخلوق سے الگ رہنا اور قطع علائق
کرنا ہے اس کو حضرت مہدی ؑ نے اس عبارت
میں فرمایا ہے کہ خدا کے طالب پر کیا چیز فرض
ہے جس کی وجہ سے خدا کو پہنچ سکتا ہے۔ فرمایا
کہ وہ چیز عشق ہے۔ پھر فرمایا کہ عشق کیوں کر حاصل
ہوتا ہے؟ پھر فرمایا کہ دل کی توجہ ہمیشہ خدا کی طرف
رکھے اس طرح کہ دل میں کوئی چیز مائل نہ ہو اور
اس معنے کے لئے ہمیشہ گوشہ نشینی اختیار کرے
اور کسی شخص کے ساتھ مشغول نہ ہو نہ دوست احباب
کے ساتھ اور نہ اغیار کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے، لیٹنے
کھانے، پینے بلکہ ہر حالت میں حق کی طرف نظر کرے
بلکہ مخلوق سے ایک ذرہ کا محتاج نہ ہو چونکہ مومنوں کو

کردن سوئے دنیاداران از جہت معاش خویش لا
نہم لایتملقون بابناء الدنیا بکلام
اللین لجہۃ المعاش پس صفت گروہ مہدی علیہ
السلام اینست کہ از خلق حظ نفس خود نجویند بلکہ بر خالق
خود اعتماد کنند و ذات خویش راحبس کنند در راہ خدائے
تعالیٰ کما قال سبحانہ و تعالیٰ للفقراء الذین
احصروا فی سبیل اللہ ای حبسوا انفسہم
عن المیل الی غیر اللہ فی مجلس من مراقبۃ
اللہ ناظرون من اللہ الی اللہ راضون بقضاءِ
اللہ فی مراد اللہ صابرون فی بلاء اللہ محتسبون
للہ فی مجاہدۃ انفسہم لاینقضون عہد
میثاق الازل الی الاجل ای الذین وصفہم
اللہ باحصار نفوسہم عن التعرض الی غیر
اللہ بالرمز والاشارۃ قولہ تعالیٰ لایستطیعون
ضربا فی الارض ای لایتفرقون عن مجالستہم
ومراقبتہم من قوۃ الحال وغلبۃ الذکر علیہم
واشتغالہم بمشاہدۃ سیدہم وشدۃ
محبتہم وکثرۃ عشقہم وحقیقۃ یقینہم
بربہم بطلب معاشہم وحوائجہم لانہ
غلب علیہم صحۃ التوکل وحسن الرضا وحقیقۃ
التسلیم وہم کانوا یفوضون جمیع امورہم
الی اللہ ویسکنون بوعدہ قولہ تعالیٰ یحسبہم
الجاہل اغنیاء من التعفف لانہم لا
یتملقون عند ابناء الدنیا بکلام اللین واظہار
الشفقۃ ولا یظہرون احوالہم لاجل

خدائے تعالیٰ کے وعدہ و فرمان پر کامل یقین ہوچکا تو پس انہوں(نے)
معاش (اپنی زندگی) کیلئے دنیاداروں کی طرف توجہ کرنے
سے اپنی ذاتوں کو قید کرلیا کیوں کہ وہ ابناء دنیا (دنیا کے ساتھی)
کے پاس چاپلوسی نہیں کرتے نرم نرم باتوں سے معاش حاصل
کرنے کے لئے پس مہدی کے گروہ کی صفت یہ ہے کہ مخلوق سے
اپنے نفس کو محظوظ نہیں کرتے بلکہ اپنے خالق پر بھروسہ کرتے
ہیں اور خدا تعالیٰ کی راہ میں اپنی ذات کو قید کردیتے ہیں چنانچہ
خدائے پاک و برتر نے فرمایا کہ خیرات ان فقیروں کیلئے ہے جو
قید کئے گئے ہیں اللہ کی راہ میں یعنے اپنی ذاتوں کو ایک جگہ اللہ
کے مراقبہ میں بیٹھ کر غیر اللہ کی طرف توجہ کرنے سے روکے ہوئے
ہیں اللہ کو اللہ ہی سے دیکھتے ہیں اللہ کی قضا پر راضی ہیں
اللہ کے منشاء کے موافق اللہ کی بلا پر صابر ہیں اپنے نفس کے مجاہدہ
میں اللہ کیلئے قید ہیں مرنے تک میثاق ازل کے وعدہ کو توڑتے
نہیں یعنے غیر اللہ سے روگرداں ہونے کی وجہ سے اللہ نے
اشارۃ و کنایۃ احصار نفوس کے الفاظ میں ان کا وصف
بیان فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ زمین میں چل نہیں سکتے
یعنے اپنے مقام نشست اور اپنے مراقبہ کو چھوڑ کر حال قوی
ہونے اور ذکر غالب ہونے اور پیر کے مشاہدے میں مشغول
ہوئے محبت کی شدت ہونے اور عشق کی کثرت ہونے اور
اپنے رب پر پکا یقین ہونے کی وجہ سے طلب معاش (رزق
اور روپے کی طلب میں) ادھر اُدھر مارے مارے نہیں پھرتے
کیوں کہ توکل کی صحت رضا کا حسن اور تسلیم کی حقیقت ان
پر چھا گئی ہے یہی لوگ اپنے سب کاروبار خدا کے حوالہ کرتے
ہیں اور اس کے وعدے پر ٹھیرے ہوئے ہیں اللہ کا قول انہی
پر صادق آتا ہے وہ یہ ہے کہ ان کی بے نیازی کو دیکھ کر جاہل

الریاء والسمعة شفقة باحوالهم مع شدة افتقارهم الی الله وصف الجاهل بقلة المعرفة باحوالهم لان العالم یعرف بنور العلم والایمان قوله تعالی تعرفهم بسیماهم بشارة الحق بوجوههم وبهجة نور المعرفة فی قلوبهم لان الله تعالی لبس علی وجوههم سناء الصفات ولبس جباههم نور جمال الذات ای تعرفهم بهذه الصفات لانهم الاتقیاء الاصفیاء الذین لایرکنون الی الخلق بسبب الدنیا وزینتها ولذا هم صابرون محتسبون فی الله وبندگی میاں سید خوندمیرؓ فرمودند که السوال الحاف قوله تعالی لا یسئلون الناس الحافاً ای لا ینظرون الی اهل الدنیا ولا یبغون حظوظ انفسهم من الخلق ولکن ینظرون الی الاخوان فی الله تلطفا وتعطفا عن المیل لا الی مالوفات الطبع والهواء وایضا

انہیں تو انگر سمجھتا ہے کیوں کہ وہ ابناء دنیا (دنیا کے لوگوں) کی چاپلوسی نرم باتوں سے اور اظہار شفقت سے نہیں کرتے اور دکھاوے اور شہرت کے لئے اپنا اظہار حال ان کو مہربان بنانے کی خاطر نہیں کرتے باوجود اس کے کہ وہ اپنے خدا کے بہت محتاج ہوتے ہیں جاہل ان سے ناواقف ہونے کی وجہ سے ان کو تو انگر سمجھتا ہے صاحب علم آدمی نور علم و ایمان سے ان کو پہچان لیتا ہے اللہ تعالے فرماتا ہے کہ تو انہیں انکی پیشانی سے پہچان لے گا۔ ان کے چہروں پر حق کی بشارت ہوتی ہے اور نور معرفت کی تازگی ان کے دلوں میں ہوتی ہے کیوں کہ اللہ تعالے ان کے چہروں پر صفات کی چمک پیدا کر دیتا ہے اور انکی پیشانی پر جمال ذات کا نور چمکا دیتا ہے ان صفات کو دیکھ کر تو انہیں پہچان لیتا ہے کیوں کہ وہ برگزیدہ پرہیزگار ہیں جو مخلوق کی طرف دنیا اور زینت دنیا کی خاطر مائل نہیں ہوتے صابر ہیں اور اللہ کی محبت میں قید ہیں اور بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کہ سوال الحاف ہوا کرتا ہے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ لوگوں سے اصرار کر کے سوال نہیں کرتے یعنے اہل دنیا کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے اپنے نفسانی خواہشات کو نہیں چاہتے ہاں وہ اپنے اخوان فی اللہ پر بڑی نظر عنایت رکھتے ہیں ان کی نظر اپنے خواہشات اور طبیعت کے مالوف چیزوں پر نہیں ہوتی۔

حضرت میراں علیہ السلام فرمودند کسی راکسی ملاقات کند او را مضطر نگویند و نیز معلوم باد که بندگی میاں سید خوندمیرؓ از گجرات ہجرت کردہ بجالور رفتند آنجا خواجہ محمود عرض کرد اگر فرمایند تا گرد و نہا فرستادہ برائے جماعت خانہ

اور نیز حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ کسی تارک دنیا شخص سے کوئی (تارک دنیا) ملاقات کرے تو اوس کو مضطر نہ کہیں اور نیز معلوم ہو کہ بندگی میاں سیّد خوندمیر گجرات سے ہجرت فرما کر جالور تشریف لے گئے وہاں خواجہ محمود نے عرض کیا کہ اگر حکم ہو تو

چو بهادکاه بیاریم بندگی میاں رضی اللہ عنہ فرمودند کہ
حاجت نیست باز خواجہ محمود عرض کرد کہ آبستان
آمدہ است برای نماز برادراں را تشویش شود فرمودند
کہ تشویش نخواہد شد درمیان خانہائے خود نماز کنند
بعضے برادران عرض کردند چرا قبول نہ کنید بندگی میاں
رضی اللہ عنہ فرمودند کہ اہل نفس را ہرگز فرمایش نباید
کرد کہ فی الحال بریدہ شود وہمہ کساں را معلوم است کہ
خواجہ محمود چنیں موافق بود کہ بعد از چند سال ترک دنیا
کردہ در دائرہ بندگی ملک الہداد رحمۃ اللہ علیہ آمدہ خوب
حال بزود نقل شد و نیز معلوم باد کہ بندگی میاں رضی اللہ
عنہ یک گردون و دو گاؤ از جہت برادران دائرہ داشتہ
بودند کہ مبادا پیش کسی بطلبند کما قال علیہ السلام
استغنوا عن الناس ولو بشوص السواک
ایں مقدار با خلق محتاج مشوید و از طلب یاری ایشاں
بتعد نمائید و در جمہور امور با خالق پناہ گیرید تا در بساط
قرب حق جائے یابید کما قال علیہ السلام **الطمع
خمر یذبح بھا القلب** پس ما را باید کہ طمع و تملق
بر داریم و دل خود را ذبح نکنیم۔

نظم

ز دنیا اہل آں چوں تیر بگریز
چو بگریزی ازو دیگر مہیا میز
علائق ہائے دنیا قطع گردا)
حزیں دل باش در دی چوں غریباں

گاڑیاں بھیج کر جماعت خانہ (مسجد) کے لئے لکڑیاں اور
گھاس لاتا ہوں۔ بندگی میاں نے فرمایا کہ حاجت نہیں
پھر خواجہ محمود نے عرض کیا کہ بارش کا موسم آیا ہے
برادران دائرہ کو نماز کے وقت تشویش ہوگی فرمایا کہ
تشویش نہیں ہوگی۔ اپنے اپنے گھروں میں نماز پڑھ لیں
گے بعضے برادروں نے عرض کیا کہ کس لئے قبول نہیں
فرماتے تو بندگی میاں نے فرمایا کہ اہل نفس سے ہرگز
فرمائش نہیں کرنی چاہئے کہ فی الحال لوٹ جاتا ہے
حالانکہ سب لوگ جانتے ہیں کہ خواجہ محمود ایسا موافق
تھا کہ (اس واقعہ کے) چند سال بعد ترک دنیا کر کے
بندگی ملک الہداد کے دائرہ میں آکر اچھی حالت میں
جلد انتقال کیا۔ اور نیز معلوم ہو کہ بندگی میاں رضی اللہ
عنہ نے برادران دائرہ کے لئے ایک گاڑی دو بیل رکھے
تھے کہ کہیں کسی سے طلب نہ کریں چنانچہ آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تم لوگوں سے بے نیاز ہو جاؤ
اگرچہ کہ مسواک شوئی ہی کیوں نہ ہو اس قدر بھی خلق
کے محتاج مت ہو اور انکی مدد کی طلب سے دور رہو
اور تمام کاموں میں خالق سے پناہ لو تا کہ قرب حق کے
فرش پر جگہ پاؤ چنانچہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ حرص خنجر ہے اس سے
دل ذبح ہو جاتا ہے پس ہم کو چاہئے کہ حرص اور چاپلوسی
چھوڑ دیں اور اپنے دل کو ذبح نہ کریں۔ نظم

دنیا اور اہل دنیا سے تیر کی طرح بھاگ
اون سے بھاگ جانے کے بعد پھر اون سے مت مل
دنیا کے تمام علائق کو توڑ دے
دنیا میں غریبوں کی طرح مغموم دل رہ

چنانچہ نقل است کہ بندگی میاں سید خوندمیر رضی اللہ عنہ
فرمودند کہ بعد از حضرت میراں علیہ السلام حیات این بندہ
بست سال شدہ دراں بست سال بست جا اخراج
وہجرت شدہ است وایضاً فی مختصر احیاء العلوم
فی باب السادس فی العزلۃ روی عن عبد اللہ
بن مسعود رضی اللہ عنہما انہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم قال سیاتی علی الناس
زمان لایسلم لذی دین دینہ الا من فر
بدینہ من قریۃ الی قریۃ ومن شاھق
الی شاھق ومن حجر الی حجر کالثعلب الذی
یروغ وقیل لہ ومتی ذلک یا رسول
اللہ قال اذا لم تنل المعیشۃ الا بمعاصی
اللہ تعالی فاذا کان ذالک الزمان حلت
الغروبۃ قالو وکیف ذالک یا رسول
اللہ وقد امرتنا بالتزویج قال اذا
کان ذلک الزمان کان ھلاک الرجل علی
یدی ابویہ فان لم یکن لہ ابوان فعلی
یدی زوجتہ وولدہ فان لم یکن لہ
زوجتہ وولدہ فعلی یدی قرابتہ قالوا
وکیف ذالک یا رسول اللہ قال یعیرونہ
بضیق الید فیتکلف مالا یطیق حتی یوردہ
ذالک موارد الھلکۃ ولست اقول
ھذا اوان ذالک الزمان فلقد کان ھذا
باعصار قبل ھذا العصر ولاجلہ قال سفیان
الثوری واللہ لقد وجبت العزلۃ قال

چنانچہ نقل ہے کہ بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے فرمایا کہ
حضرت مہدیؑ کے وصال کے بعد میری حیات بیس سال
ہوئی اور اون بیس سال میں بیس جگہ اخراج اور ہجرت
ہوئی ہے اور مختصر احیاء العلوم کے چھٹے باب میں عزلت
کے بیان میں عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے
مروی ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ قریب میں لوگوں
پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ نہیں سلامت رہے گا صاحب
دین کے لئے دین اوس کا مگر اس شخص کا جو اپنے دین
کو لے کر ایک قریہ سے دوسرے قریہ میں ایک پہاڑ
سے دوسرے پہاڑ کی طرف اور ایک پتھر سے دوسرے
پتھر کی طرف بھاگے مانند اوس لومڑی کے جو بہانہ
کرنے لگتی ہے۔ عرض کیا گیا کب ہوگا اس طرح یا رسول اللہ
تو آپ نے فرمایا جب روزگار سوائے خدا کی معصیت
کے نہ ملے جب یہ وقت آئے گا تو بغیر عورت حلالہ کے
رہنا (بے شادی شدہ رہنا) حلال ہوجائے گا۔
عرض کئے یا رسول اللہ وہ زمانہ کیسا ہوگا حالانکہ آپ نے
نکاح کرنے کا حکم دیا ہے تو فرمایا جب یہ وقت آئے گا
تو ہلاک ہوگا آدمی اپنے ماں باپ کے ہاتھوں پر پس اگر
ماں باپ نہوں گے تو اپنی بیوی اور بچے کے ہاتھوں پر
پس اگر اس کو عورت، بچے نہ ہوں تو اپنے قرابتداروں
کے ہاتھوں پر ہلاک ہوگا۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ
یہ کس طرح ہوگا تو فرمایا کہ لوگ اوس کو تنگ دستی کا عیب
لگائیں گے تو طاقت سے زیادہ تکلیف اٹھائے گا حتی
کہ مقام ہلاکت کو پہونچ جائیگا اور یہ باتیں آجکل کی نہیں ہیں
اس زمانہ سے پہلے ہی یہ حالت ہوچکی ہے اسی وجہ

عمرؓ خذوا بحظكم من العزلة وقال ابن سيرين العزلة
اعبادة قال الفضيل كفى بالله محبا
وبالقرآن مونسا وبالموت واعظا وقيل
اتخذ الله صاحبا ودع الناس جانبا وقال
ابو الربيع الزاهد لداؤد الطائی عظنی
قال صم عن الدنيا واجعل فطرك الآخرة
وفر من الناس فرارك من الاسد وقال
الحسن البصری رحمة الله عليه كلمات
احفظهن من التورية قنع ابن آدم فا
ستغنى اعتزل الناس فسلم ترك الشهوات
فصار حرا ترك الحسد فظهرت مروته
صبر قليلا فتمتع طويلا وقال وهيب
بن الورد بلغنا ان الحكمة عشرة اجزاء
تسعة منها فى الصمت والعاشر فى عزلة
الناس وقال سفيان الثوری هذا وقت السكوت
وملازمة البيوت قال ابراهيم النخعی
لرجل تفقه ثم اعتزل قال ابن عباس
رضی الله عنهما افضل المجالس مجلس فی
قعر بيتك لا ترى ولا ترى - اما من المائلين
الى المخالطة فاحتجوا بقوله تعالى ولا تكونوا
كالذين تفرقوا واختلفوا الآية و
بقوله تعالى فالف بين قلوبكم امتن على
الناس بسبب التاليف وهذا ضعيف لقوله
عليه السلام لعبد الله ابن عامر الجهنی لما
قال يا رسول الله ما النجاة قال ليسعك

سفیان ثوری نے فرمایا کہ واللہ عزلت واجب ہو گئی ہے
عمرؓ نے فرمایا تم عزلت سے فائدہ اٹھایا کرو۔ ابن سیرین
کا قول ہے کہ عزلت عبادت ہے۔ فضیل کہتے ہیں اللہ
کافی دوست ہے۔ قرآن کافی مونس ہے اور موت کافی
واعظ ہے اور بعض علماء نے کہا ہے کہ اللہ کو دوست
بناؤ اور لوگوں کو ایک طرف رکھ چھوڑو اور ابو ربیع
زاہد نے داؤد طائی سے کہا کہ آپ مجھ کو کچھ نصیحت
کیجئے تو فرمایا دنیا سے روزہ رکھو اور آخرت سے
افطار کرو لوگوں سے بھاگو جیسا کہ شیر سے بھاگتے ہیں
حسن بصریؒ کہتے ہیں کہ میں نے توریت سے چند
باتیں یاد کرلی ہیں وہ یہ کہ ابن آدم نے قناعت کی اس لئے
